| Azienda Provinciale per i Servizi Sanitari<br>Provincia Autonoma di Trento<br><br>Dipartimento strutturale di Medicina di Laboratorio e Servizi | Modulo Dipartimentale<br><br>Modalità di raccolta del campione di URINA per URINOCOLTURA nella PRIMA INFANZIA<br>LINGUA URDU |
|---|---|

# یورین کلٹر کے لئے بچوں کے پیشاب کے سمپل لینے کا طریقۂ کار
# [یعنی کلکشن بیگ کا استعمال کرنے کا طریقۂ کار]

- پیشاب لینے کے لئے ایک پلیسٹک بیگ استعمال کریں جو آپ کسی بھی دواخانے خرید سکتے ہیں۔
- ہاتھہ اچھی طرح دھوئیں اور سکھا لیں۔
- اچھی طرح سے بچے [یا بچی] کے اعضاء تناسل اور پرینیم [مقعد اور اعضاء تناسل کے درمیاں کا حصۂ جسم] کو صابون سے دھو لیں۔ جراثیم ختم کرنے والا محلول استعمال نہ کیجیئے۔ پھر پانی سے مل مل کر اچھی طرح سے دھوئیں اور سکھا دیں۔
- اچھے طریقے سے پلیسٹک بیگ کو اسی جگہ پر لگائیں [یعنی اعضاء تناسل اور پرینیم کی جگہ] ۔
- پیشاب کو 60 منٹ کے اندر لے لیں۔

احتیاط برتیئے: پیشاب کو ایک گھنٹے کے اندر اندر لینا ہے۔ اگر اس دوراں بچے سے پیشاب نہیں کیا ہوتا تو اس پلیسٹک بیگ کو اتار کر پھینک دیں۔ پھر دوسری دفعہ ہر چیز دہرائیں [دھونا سکھانا بھی] اور نیا پلیسٹک بیگ استعمال کریں۔

- پلیسٹک بیگ کو اتار کر چپپدار ٹیپ سے بند کر دیں۔ اس پیشاب کو کسی اور ڈبہ یا بوتل میں ٹرانسفر نہ کریں۔
- پلیسٹک بیگ کو عمودی پوزیشن میں کسی ڈبہ یا بوتل میں رکھہ دیں۔ ڈبہ کو احتیاط سے بند کر دیں۔
- ایک گھنٹے کے اندر اندر لیبارٹری میں پہنچا دیں۔ اگر یہ ممکن نہیں ہو تو سمپل فرج میں [4 ڈگری کے درجۂ حرارت پر] رکھہ دیں، 48 گھنٹے سے زیادہ نہیں۔